


For Download Visit:
www.dawateislami.net

پیش کش: مجلس ماہنامہ فیضانِ مدینہ (دعوت اسلامی)




# دعوتِ اسلامی کہاں سے کہاں تک جا پہنچی!

دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ کے نگران **مولانا محمد عمران عطاری***

عاشقانِ رسول کی دینی تحریک دعوتِ اسلامی کا آغاز انٹرنیشنل اسلامک اِسکالر شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت حضرت علّامہ مولانا محمد الیاس عطّار قادری رَضَوی دامت برکاتہم العالیہ نے کراچی میں ذُوالقعدۃ الحرام 1401ھ مطابق ستمبر 1981ء میں اپنے چند رُفقا کے ساتھ کیا۔ دعوتِ اسلامی نے کم و بیش 40 سال کے سفر میں سیاست، احتجاج اور ہڑتال وغیرہ سے دُور رہ کر مُثبت انداز میں اللہ پاک کے فضل و کرم سے دین کا وہ کام کیا ہے جس کی مثال نہیں ملتی۔ شہرِ کراچی سے شروع ہونے والی دعوتِ اسلامی دیکھتے ہی دیکھتے نہ صرف پورے پاکستان بلکہ دنیا بھر میں جا پہنچی اور آج (2021ء میں) دعوتِ اسلامی کا دینی کام **80 سے زائد شعبہ جات** کے تحت تقریباً **313 ذیلی شعبوں** میں پھیل چُکا ہے۔ دعوتِ اسلامی اب تک ہزاروں مساجد بنا چکی ہے اور مزید سلسلہ جاری ہے۔ بچّوں اور بچیوں (Boys & Girls) کو الگ الگ تعلیمِ قراٰن دینے کے لئے **مدارِسُ المدینہ** اور فروغِ علمِ دین (عالم و عالمہ کورس کروانے) کے لئے الگ الگ **جامعاتُ المدینہ** قائم کئے جارہے ہیں۔ لاکھوں حافظ، قاری، امام، مبلغ و معلّم، عالم اور مفتی تیار کرنے کے ساتھ ساتھ اصلاحِ امّت اور کردار سازی کا پروگرام منفرد اور شاندار انداز میں جاری ہے۔

5 لاکھ سے زائد مرد و عورت رضا کارانہ، تقریباً **32 ہزار سے زائد اجیر** (تنخواہ دار) اور کروڑوں چاہنے والے دعوتِ اسلامی کے دیئے ہوئے اہم ترین مدنی مقصد (اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش) کی تکمیل میں کوشاں نظر آتے ہیں۔ مختلف مقامات پر "دارُ الافتاء اہلِ سنّت" قائم ہیں، جہاں دعوتِ اسلامی سے وابستہ مفتیانِ کرام مسلمانوں کی تحریری، زبانی، موبائل، ای میل، واٹس ایپ وغیرہ کے ذریعے شرعی راہنمائی کرنے میں مصروف ہیں۔ دعوتِ اسلامی کے شعبے **المدینۃُ العلمیہ** (Islamic Research Center) میں تفسیر، حدیث، فقہ، سیرت اور موٹیویشنل موضوعات (Motivational Topics) اور تنظیمی تربیت پر مشتمل کُتب و رَسائل لکھے جارہے ہیں، اس ڈیپارٹمنٹ میں اعلیٰ حضرت **امام احمد رضا خان** رحمۃ اللہ علیہ کی کتابوں پر مختلف نوعیت کے کام کرنے کے ساتھ ساتھ امیرِ اہلِ سنّت دامت برکاتہم العالیہ کی کتابوں اور رسائل کے لئے مواد وغیرہ کے حصول میں معاونت بھی کی جاتی ہے۔

* یہ مضمون نگرانِ شوریٰ سے ہونے والی گفتگو وغیرہ کی مدد سے تیار کیا ہے۔ ابورجب محمد آصف مدنی

ان کُتُب ورَسائل کو دعوتِ اسلامی کا اشاعتی ادارہ مکتبۃُ المدینہ چھاپ کر عام کرتا ہے۔ انٹرنیٹ کے جدید ذرائع کو اپناتے ہوئے دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.net کے ذریعے بھی مختلف زبانوں میں نیکی کی دعوت عام کی جاتی ہے، اس کے علاوہ **"فیضان آن لائن اکیڈمی"** (بوائز، گرلز) قائم ہے جس کے ذریعے آن لائن (بذریعہ انٹرنیٹ) عالم کورس، قراٰنِ پاک (حفظ وناظرہ) پڑھایا جاتا ہے، 30 سے زائد کورسز (مثلاً فیضانِ نماز، فیضانِ قراٰن وحدیث، سیرتِ مصطفےٰ، عقائد وفقہ، نکاح، نیو مسلم وغیرہ) کے ذریعے لوگوں کو ان کے گھر پر علم کی روشنی پہنچائی جاتی ہے۔ ایجوکیشن کے میدان میں انگلش میڈیم اسلامک اسکولنگ سسٹم بنام **"دارُ المدینہ"** پری پرائمری سے میٹرک تک کام کر رہا ہے، اس سسٹم کو کالج اور کالج سے یونیورسٹی تک لے جانے کے پروگرام جاری ہیں۔ بدلتی دُنیا میں میڈیا (Media) کا کردار ایک حقیقت ہے چنانچہ دعوتِ اسلامی اپنے **"مدنی چینل"** کے ذریعے 7 بڑی سیٹلائٹس پر **اُردو، انگلش اور بنگلہ زبانوں** میں دین کی خوب خدمت کر رہی ہے، "دعوتِ اسلامی" سوشل میڈیا کے پلیٹ فارم سے بھی اسلامی تعلیمات کو عام کرنے اور اصلاحِ امت کا کام کر رہی ہے اور اب تک تقریباً 3 کروڑ 9 لاکھ 31 ہزار 430 سے زائد Users ان سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے فوائد حاصل کر رہے ہیں۔

اس کے علاوہ شعبہ FGRF (فیضان گلوبل ریلیف فاؤنڈیشن) کے ذریعے فلاحی وسماجی خدمات کا سلسلہ بھی جاری ہے اور پیارے آقا صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی دُکھیاری اُمّت کی پریشانی کو دور کرنے کے لئے لاک ڈاؤن، سیلاب وغیرہ میں نہ صرف 26 لاکھ سے زائد گھرانوں کی مدد کی گئی بلکہ ان حالات میں بالخصوص تھیلیسیمیا (Thalassemia) اور بالعموم دیگر مریضوں کے لئے خون کی بوتلیں (Blood Bags) جمع کرنے کا ایسا کارنامہ انجام دیا گیا جس کی مثال نہیں ملتی، اب تک خون کی تقریباً 46 ہزار بوتلیں مختلف اداروں کو جمع کروائی جاچکیں مزید سلسلہ جاری ہے، نیز گرین ورلڈ پروگرام کے تحت گرین پاکستان مہم میں اب تک لاکھوں لاکھ پودے لگائے جاچکے ہیں اور اس مُہم کو جاری رکھتے ہوئے ہمارا یہ نعرہ ہے: **"پودا لگانا ہے درخت بنانا ہے۔"** معذور بچّوں کی بحالی کے لئے ادارہ بنام FRC (فیضان ری ہیبلی ٹیشن سینٹر) قائم کیا جاچکا ہے۔ بات یہیں ختم نہیں ہوتی بلکہ پیارے آقا صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کی دُکھیاری اُمت کی خدمت کا جذبہ لئے FGRF عنقریب **مدنی ہیلتھ کیئر سینٹر** قائم کرنے جارہا ہے، یتیم ونادار بچّوں کی کفالت و دینی تربیت کے لئے **"مدنی ہوم"** اوّلاً کراچی اور پھر بتدریج دیگر شہروں اور ملکوں میں قائم کئے جائیں گے، اس کے علاوہ مَردوں اور عورتوں کو **ہنر مند بنانے کا ادارہ** بھی عنقریب قائم کیا جائے گا، اِن شآءَ اللہ الکریم

اللہ پاک کے فضل و کرم، فیضانِ مصطفےٰ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم اور فیضانِ صحابہ و اولیا (رضوانُ اللہ علیہم اجمعین) سے دعوتِ اسلامی مساجد کی آبادکاری اور اصلاحِ اُمّت کے لئے 12 دینی کام مثلاً مدنی قافلہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع و مدنی مذاکرہ وغیرہ کے ساتھ ساتھ فلاحی وسماجی کام بھی کر رہی ہے۔

امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکَاتُہمُ العالیہ کی دُور اندیشی کو سلام کہ آپ نے دعوتِ اسلامی کے نظام کو اپنی ذات تک محدود رکھنے کے بجائے مرکزی مجلسِ شوریٰ قائم کی اور سارا انتظام اس کے سپرد کر دیا، امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکَاتُہمُ العالیہ کی خصوصی توجہ، شفقت وتربیت اور راہنمائی سے مرکزی مجلسِ شوریٰ دعوتِ اسلامی کے تمام امور کی نگرانی اور نظام کو بہتر سے بہتر بنانے کی کوشش کرتی ہے۔

2 ستمبر 2021ء کو "دعوتِ اسلامی" کے قیام کو 40 سال مکمل ہو رہے ہیں، اس کے مبلغین ومبلغات اور متعلقین و محبین کو یومِ دعوتِ اسلامی مبارک ہو۔ اللہ پاک دعوتِ اسلامی کو مزید عُروج بخشے اور ہمیں اس کا تَن مَن دَھن (یعنی ہر طرح) سے ساتھ دینے کی توفیق عطا فرمائے۔ اٰمِیْن بِجَاہِ النَّبِیِّ الْاَمِیْن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم



# دعوتِ اسلامی کی ترقی کا راز

مولانا محمد ناصر جمال عطاری مدنی*

یہ غالباً 1978ء کی بات ہے کہ کراچی اولڈ سٹی ایریا میں واقع نور مسجد میں ایک 28 سالہ جوان امامت کیا کرتا تھا۔ یہ جوان کافی عرصے سے بے عملی کے عفریت کو طاقتور ہوتا دیکھ رہا تھا، فی الوقت وہ ایک مسجد کا امام تھا لیکن اس امام کی روش دیگر ائمہ سے کچھ جدا تھی۔ بے عملی کے آسیب سے چھٹکارا دلانے کے لئے وہ عملاً کوشش کیا کرتا، مسجد میں آنے والے نمازیوں کی فکری تربیت کرتا، اردگرد بسنے والے مسلمانوں کو مسجد سے وابستہ کرنے کے لئے پُراثر نصیحت کرتا، لوگوں کی خوشی غمی میں شریک ہوکر ان سے خیر خواہی کا عملی اظہار کرتا۔ ان اخلاقِ حسنہ کے پیکر امام پر ایک ہی دُھن سوار تھی کہ فکری انتشار اور بدعملی کا شکار ہونے والوں کی اصلاح کرے، پیکرِ اخلاص امام اپنی بساط بھر کوشش کرتا رہا، اس کی کوشش کے ثمر آور نتائج کو دیکھ کر یہ ہی لگ رہا تھا کہ رحمتِ الٰہی سے یہ امامِ مسجد اپنے نیک مقصد میں یقیناً کامیاب ہوگا۔ ایک وقت وہ آیا جب 2 ستمبر 1981ء کو عاشقانِ رسول کی دینی تحریک "دعوتِ اسلامی" کا آغاز ہوا، اِس امام کی اپنے رفقا کے ساتھ مل کر کی جانے والی خلوص سے بھرپور قابلِ رشک کوششوں کی بدولت دعوتِ اسلامی ترقی کی منزلیں طے کرتی گئی اور اِس امام کو دنیا "امیرِ اہلِ سنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری" کے نام سے جاننے لگی اور مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد آپ کو اپنا رہبر و رہنما مان کر اسلام کی روشن تعلیمات عملی طور پر اپنانے لگی۔

کسی بھی فعّال تحریک کی دو علامات ہوتی ہیں:

(1) واضح اور پُراثر مقصد (2) منظم اور مربوط نظام۔

دعوتِ اسلامی کے عروج اور کامیابی میں اللہ کی رحمت سے یہ دونوں علامات بہت زیادہ کارفرما نظر آتی ہیں، آیئے! اس کی تفصیل ملاحظہ کرتے ہیں:

**(1) دعوتِ اسلامی کا واضح اور پُراثر مقصد:**

دعوتِ اسلامی کے قیام کا واضح مقصد انفرادی و اجتماعی اصلاح تھا جس کیلئے امیرِ اہلِ سنّت مولانا محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ انفرادی طور پر پہلے سے کوشاں تھے لیکن اپنے جذبے کو بہت بڑے پیمانے پر تحریکی صورت دینے کیلئے منظم اور مربوط نظام کی ضرورت تھی۔ یقیناً سچی لگن ہر مشکل کو آسان کردیتی ہے لہٰذا وقت کے ساتھ ساتھ دعوتِ اسلامی کا نظام مضبوط سے مضبوط تر ہوتا چلا گیا۔

اس تحریک کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کے لئے جذبۂ اخلاص کارفرما تھا۔ طریقِ دعوت کی بنیادی اساس بھی یہی ہے کیوں کہ جس دعوت کے پسِ پردہ ذاتی مفادات کا حصول، لالچ وغیرہ جیسے ناسور موجود ہوں اس کے نتائج اس سے یکسر مختلف اور عبرتناک ہوتے ہیں۔ مولانا محمد الیاس قادری شروع ہی سے پیکرِ اخلاص تھے۔ اپنے پیغام کو عام کرنے کے لئے کراچی کے مختلف علاقوں کا سفر کرکے اصلاحی بیانات کیا کرتے، سفری اخراجات سے لے کر کھانے تک کے معاملات اپنی جیب سے ادا کرنے کی کوشش کرتے حتّٰی کہ نمک اور پانی بھی اپنے ساتھ رکھتے تاکہ اتنی معمولی چیز کے لئے بھی ہاتھ نہ پھیلانا پڑے۔ اخلاص کا جب یہ عالَم ہو تو داعی کی زبان ہی متأثر نہیں

*فارغ التحصیل جامعۃ المدینہ،
ذمہ دار شعبہ فیضانِ حدیث،
المدینۃ العلمیہ (اسلامک ریسرچ سینٹر)، کراچی

کرتی بلکہ اس کے کردار کی چمک آنکھوں کو بھاتی ہے اور خوشبو دِلوں میں رچ بس جاتی ہے۔ اسلام کے اس داعی کی دعوت کا اثر جلد ہی لوگوں نے قبول کرنا شروع کر دیا، امیرِ اہلِ سنّت دامت برکاتہم العالیہ کے بیان میں شرکت کرنے والے لوگوں کے اَخلاق و کردار میں حیرت انگیز تبدیلی محسوس کی جاتی، آپ دامت برکاتہم العالیہ جس سے ملاقات فرماتے اس کے دل کی دنیا بدل جاتی۔

یوں معاشرے میں رہنے والے ہر عمر کے افراد خصوصاً نوجوان اس تحریک سے وابستہ ہونے لگے۔ مولانا محمد الیاس قادری صاحب کی دعوت میں سب سے متاثر کُن پہلو یہ ہے کہ انہوں نے اصلاحِ اُمّت پر مشتمل مقصد و منشور اپنے سے منسلک ہر فرد کے سینے میں اتار دیا اور دعوتِ اسلامی کے کام کو آگے بڑھانے کے لئے انتہائی آسان اور پاکیزہ انداز دیا۔ غالباً یہ وہی دعوتی اسلوب ہے جسے انبیا کی سنّت اور اولیا کا طریقِ اصلاح کہنا بجا اور دُرست ہوگا۔

**2 دعوتِ اسلامی کا منظم اور مربوط نظام:**

دعوتِ اسلامی جوں جوں ترقی کرتی گئی اس کا کام بھی اسی رفتار سے بڑھتا رہا اب ضرورت اس اَمر کی تھی کہ فعال تحریک کے دوسرے عنصر "منظم اور مربوط نظام" کے لئے ایک نیا انتظامی ڈھانچہ تشکیل دیا جائے۔ چونکہ یہ تحریک اسلامی اصولوں پر دل و جان سے عمل پیرا ہے اور عرصۂ دراز سے شریعت و سنّت اور تصوف و احسان پر عمل کی جو تڑپ مولانا محمد الیاس قادری نے دعوتِ اسلامی سے وابستہ افراد میں پیدا کی تھی اس میں کسی بھی قسم کی کمی واقع نہ ہو اور نیا تشکیل دیا جانے والا یہ نظام کسی بھی طور پر شریعت کے خلاف نہ ہو ان تمام پہلوؤں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے "مرکزی مجلسِ شوریٰ" قائم کی اور تنظیمی نظم و نسق اسے سونپ کر بہترین منتظم ہونے کا ثبوت دیا۔

فعال تحریک کے مضبوط نظام کی بقا اس سے وابستہ افراد کی بہترین تربیت پر موقوف ہے کیوں کہ غیر تربیت یافتہ افراد کی کثرت کسی تحریک کے لئے ثمر آور اور سود مند نہیں ہو سکتی البتہ نقصان کا بہت بڑا سبب ضرور بن سکتی ہے۔ کسی بھی چیز کو رفتہ رفتہ درجۂ کمال تک پہنچانا تربیت کہلاتا ہے، مولانا محمد الیاس قادری نے گھر، بازار، اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز سے لے کر انسان کی آخری آرام گاہ تک درس اور اجتماعات کا ایسا نظام رائج کیا جس کے مثبت نتائج معاشرے کے کثیر افراد میں دیکھے جاسکتے ہیں۔ دعوتِ اسلامی سے جڑے کسی فرد کا تعلق معاشرے کے خوشحال طبقے سے ہو یا غریب طبقے سے، اس تربیتی نظام نے اس کی نفسیات میں نیکی کا عنصر پیدا کر کے چھوٹی بڑی ہر بے عملی سے نجات دلانے کی کوشش کی اور یہ ثابت کر دیا کہ حقیقی اسلامی تربیت انسان کے رویے پر اثر انداز ہو کر کس طرح اس کی زندگی میں حیرت انگیز انقلاب برپا کرتی ہے۔

گزشتہ 40 سالوں میں اس تحریک سے وابستہ افراد کا ذوقِ علم کس قدر بڑھا ہے؟ اس کا اندازہ اس تحریک کے اشاعتی ادارے مکتبۃُ المدینہ کی ہر کتاب کی ریکارڈ سیل سے لگایا جاسکتا ہے۔ اسلامی کُتب کی اشاعت کا یہ ایک عظیم ادارہ ہے۔ یہ تحریک اپنی کُتب کے لئے گاہک نہیں بناتی بلکہ ریڈرز بڑھاتی ہے اور اس کے لئے اپنے مبلغین کو باقاعدہ ہدف دیتی ہے یہی وجہ ہے کہ دعوتِ اسلامی سے شائع ہونے والی کتابیں اور رسالے بچّوں اور بڑوں میں یکساں مقبول ہوتے ہیں۔

جس طرح سونا نرم ہو کر زیور بنتا ہے، لوہا نرم ہو کر ہتھیار بن جاتا ہے اور مٹی نرم ہو کر کھیتوں کی ہریالی کا سبب بنتی ہے، اسی طرح اِسلامی تعلیمات کے مطابق کی جانے والی "نرمی" ایسی خوبی ہے جس کی بدولت انسان کے اندر رحمت، شفقت، آسانی، عفو و درگزر اور بُردباری جیسی خوبیاں پیدا ہوتی ہیں۔ اللہ پاک کے آخری نبی صلَّی اللہ علیہ والہٖ وسلَّم نے نرمی کے بارے میں ارشاد فرمایا: نرمی جس چیز میں بھی ہوتی ہے وہ اسے خوبصورت بنا دیتی ہے اور جس چیز سے نرمی نکال دی جاتی ہے، اُسے بدصورت کر دیتی ہے۔ (مسلم، ص1073، حدیث:6602)

معلوم ہوا کہ ہر چیز کی طرح کسی بھی فعال نظام کو مؤثر بنانے کے لئے نرمی کا کردار بہت اہم ہے۔ دعوتِ اسلامی بھی اپنا پیغام نرمی کے ساتھ پہنچانے پر یقین رکھتی ہے۔ دعوتِ اسلامی کے پیغامِ محبت (جو درحقیقت اسلام کی سچی تصویر ہے، اس) سے متاثر ہو کر کئی غیر مسلم دامنِ اسلام سے وابستہ ہو رہے ہیں، کئی مسلمان اپنی جائیدادیں اسلام کے لئے وقف کر رہے ہیں بلکہ اسلام کے پیغامِ امن کو پھیلانے کے لئے اپنی زندگیاں اس کارِ خیر میں خرچ کرنے کے لئے تیار ہیں دراصل یہ دعوتِ اسلامی کے امن پسند ہونے ہی کا ثمر ہے جو اس کے فعال نظام کو مضبوط سے مضبوط تر بنا رہا ہے۔

# دعوتِ اسلامی کا ذیلی نگران سے ریجن ذمہ دار تک کا نظام

ریجن ← زون ← کابینہ ← ڈویژن ← علاقہ ← حلقہ ← ذیلی حلقہ

دعوتِ اسلامی کی دینی کاموں کو منظم انداز میں انجام دینے کے لئے پاکستان کی علاقائی تقسیم کاری کی ایک جھلک

| تنظیمی حلقہ بندی خلاصہ (ریجن وائز) | | | | | | | | | | | منگل, 03 اگست, 2021 | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ریجن | زون | کابینہ | | | ڈویژن | | | علاقے | | | حلقے | گاؤں | نیو سوسائٹیز | ذیلی حلقے | | |
| | | شہر | اطراف | کُل | شہر | اطراف | کُل | شہر | اطراف | کُل | | | | شہر | اطراف | کُل |
| کراچی | 4 | 42 | 0 | 42 | 204 | 0 | 204 | 660 | 0 | 660 | 842 | 2758 | 552 | 5382 | 0 | 5382 |
| حیدر آباد | 8 | 24 | 28 | 52 | 136 | 152 | 288 | 485 | 424 | 909 | 341 | 17655 | 573 | 8469 | 7190 | 15659 |
| ملتان | 10 | 37 | 36 | 73 | 174 | 178 | 352 | 623 | 510 | 1133 | 5886 | 5137 | 1312 | 10831 | 7927 | 18758 |
| فیصل آباد | 10 | 31 | 37 | 68 | 164 | 200 | 364 | 579 | 637 | 1216 | 6323 | 7065 | 1095 | 11691 | 10483 | 22174 |
| لاہور | 8 | 33 | 29 | 62 | 164 | 161 | 325 | 562 | 530 | 1092 | 3829 | 9453 | 2141 | 12333 | 6764 | 19097 |
| اسلام آباد | 7 | 43 | 18 | 61 | 231 | 93 | 324 | 867 | 281 | 1148 | 2264 | 362 | 446 | 16408 | 1684 | 18092 |
| پاکستان مجموعی تعداد | 47 | 210 | 148 | 358 | 1,073 | 784 | 1857 | 3,776 | 2,382 | 6158 | 19,485 | 42,430 | 6,119 | 65,114 | 34,048 | 99162 |



# دعوتِ اسلامی کے خدمتِ دین کے چند شعبہ جات کی کارکردگی

(مارچ2020ء تا کیم اگست 2021ء)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! عاشقانِ رسول کی دینی تحریک دعوتِ اسلامی دنیا بھر میں 80 سے زائد شعبہ جات کے تحت تقریباً 313 ذیلی شعبوں میں دینِ متین کی خدمت میں مصروف ہے۔ ہر آتے دن اس کی دینی خدمات کے کاموں میں اضافہ ہو رہا ہے اور اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ملک و بیرونِ ملک اسلامی تعلیمات کی اشاعت کا سلسلہ بڑھ رہا ہے، اس سلسلے میں چند اہم شعبہ جات کا گزشتہ ڈیڑھ سال کا تقابلی جائزہ پیش کیا جاتا ہے۔

❁ **جامعاتُ المدینہ (بوائز و گرلز):** گزشتہ سال مارچ 2020ء میں جامعاتُ المدینہ کی تعداد 845 تھی، جبکہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کیم اگست 2021ء کے مطابق 282 جامعات کے اضافے کے ساتھ یہ تعداد 1127 ہو چکی ہے جبکہ فی سبیلِ اللہ درسِ نظامی اور فیضانِ شریعت کورس کرنے والے اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کی تعداد 60 ہزار 733 سے بڑھ کر تقریباً 88 ہزار 835 ہو گئی ہے، اور فارغُ التحصیل ہونے والوں اور والیوں کی تعداد 10 ہزار 841 سے بڑھ کر تقریباً 13 ہزار 455 ہو گئی ہے۔

❁ **فیضان آن لائن اکیڈمی (بوائز و گرلز):** مارچ 2020ء میں اس شعبے کی شاخوں (Branches) کی تعداد 37 تھی، جبکہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کیم اگست 2021ء تک 6 برانچز کے اضافے کے ساتھ یہ تعداد 43 ہو چکی ہے۔ آن لائن کورسز کرنے والوں کی تعداد 14 ہزار 104 سے بڑھ کر تقریباً 20 ہزار 176 ہو گئی ہے جبکہ اس شعبے سے تقریباً 25 ہزار 380 سے زائد طلبہ و طالبات تعلیم حاصل کر چکے ہیں۔

❁ **بچّوں اور بچیوں کے مدارسُ المدینہ:** اس شعبے کے تحت دنیا بھر میں قراٰنِ کریم کی مفت تعلیم دی جاتی ہے۔ مارچ 2020ء میں ان مدارس کی تعداد 4 ہزار 41 تھی، جبکہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کیم اگست 2021ء کے مطابق 609 مدارس کے اضافے کے ساتھ یہ تعداد 4650 ہو چکی ہے۔ ان مدارس میں قراٰنِ کریم کی مفت تعلیم حاصل کرنے والوں کی تعداد 1 لاکھ 79 ہزار 550 سے بڑھ کر تقریباً 2 لاکھ 16 ہزار 841 ہو گئی ہے جبکہ حفظِ قراٰن مکمل کرنے والوں کی تعداد تقریباً 90 ہزار اور ناظرہ قراٰن مکمل کرنے والوں کی تعداد 3 لاکھ کے قریب ہے۔

اس کے علاوہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ! حال ہی میں نابینا (Blind) بچّوں کے لئے الگ سے مدرسۃُ المدینہ (Blind) کی 4 برانچز قائم کی جا چکی ہیں۔

❁ **مدرسۃُ المدینہ (اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کے لئے):** اس شعبے کے تحت دنیا بھر میں بڑی عمر کے اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں کو مختلف اوقات میں قراٰنِ کریم کی تعلیم دی جاتی ہے۔ مارچ 2020ء میں ان مدارس کی تعداد 26 ہزار 717 تھی، جبکہ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ کیم اگست 2021ء کے مطابق 11961 کے اضافے کے ساتھ یہ تعداد 38 ہزار 678 ہو چکی ہے۔ اور تعلیمِ قراٰن حاصل کرنے والوں کی تعداد تقریباً 1 لاکھ 83 ہزار 4 سے بڑھ کر تقریباً 2 لاکھ 29 ہزار 888 ہو گئی ہے۔

## تقابلی جائزہ کے علاوہ چند اہم شعبہ جات کی بہت ہی دل آراء کارکردگی بھی ملاحظہ فرمائیے

❁ **"دارالمدینہ انٹرنیشنل اسلامک اسکول"** کے نام سے 31 جنوری 2011ء کو ایک اور نہایت اہم شعبہ قائم ہوا، جس کا بُنیادی مقصد اُمّتِ مُصْطفےٰ کی نوخیز نسلوں کو سُنّتوں کے سانچے میں ڈھالتے ہوئے دینی و دُنیوی تعلیم سے آراستہ کرنا ہے۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہ مختصر سے عرصے

میں اس وقت ملک و بیرونِ ملک ہند، سری لنکا، برطانیہ (UK) اور ریاست ہائے متحدہ امریکہ (USA) وغیرہ میں دارُالمدینہ کے 98 کیمپس (Campus) قائم ہوچکے ہیں، جن میں پڑھنے والے بچّوں اور بچیوں (Students) کی تعداد تقریباً 25 ہزار سے زائد ہے۔

❁ ”دارُالافتاء اہلِ سنّت“ دعوتِ اسلامی کا ایک بہت ہی اہم شعبہ ہے۔ یہ شعبہ پاکستان کے مختلف شہروں میں قائم 14 برانچز سے اُمّتِ مسلمہ کو درپیش شرعی مسائل کا تحریری، زبانی، مکتوبات، ای میل اور واٹس ایپ کے ذریعے شرعی مسائل کے جواب فراہم کررہا ہے۔ گزشتہ صرف ایک سال میں اَلحمدُلِلّٰہ کم و بیش 9881 تحریری، 82 ہزار 915 زبانی، ای میلز کے ذریعے تقریباً 30 ہزار 254 اور واٹس ایپ کے ذریعے کم و بیش 14 ہزار 452 سوالات کے جوابات دیئے گئے ہیں۔

❁ المدینۃُ العلمیہ (Islamic Research Center): دعوتِ اسلامی کے اس تحقیقی و تصنیفی شعبے میں اَلحمدُلِلّٰہ تصنیف، تالیف، ترجمہ، تخریج و تحقیق اور تسہیل و حواشی جیسے اہم امور انجام پاتے ہیں۔ ”المدینۃُ العلمیہ“ کی جانب سے یکم اگست 2021ء تک کم و بیش 1 لاکھ 21 ہزار صفحات پر مشتمل 666 کُتب و رَسائل پر کام ہوچکا ہے۔

❁ ٹرانسلیشن ڈیپارٹمنٹ (Translation Department): اس شعبے کی جانب سے مجموعی طور پر 3972 کُتب و رَسائل، بیانات اور مختلف پمفلٹس کا انگلش، چائنیز، بنگالی، ٹرکی، فرنچ اور ہندی سمیت دنیا کی 38 زبانوں (Languages) میں ترجمہ کیا جاچکا ہے۔ نیز یہ کُتب و رَسائل دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.net پر بھی اپ لوڈ (Upload) کر دیئے گئے ہیں۔

❁ آئی ٹی مجلس: دعوتِ اسلامی کی آئی ٹی مجلس بھی خدمتِ دین میں بھرپور حصہ لیتی ہے، صرف 2017ء تا 2021ء دعوتِ اسلامی کی ویب سائٹ www.dawateislami.net سے تقریباً 1 کروڑ 52 لاکھ 66 ہزار 260 سے زائد لوگوں (Visitors) نے مختلف کُتب و رَسائل ڈاؤن لوڈ (Download) کئے۔

❁ مجلس خُدّامُ المَساجِد و المدارس و تعمیرات دعوتِ اسلامی کا ایک بہت ہی اہم شعبہ ہے، اس کے تحت ملک و بیرونِ ملک مساجد کے لئے پلاٹس کی خریداری، تعمیر اور دیگر کئی اہم کام انجام پاتے ہیں، یہ مجلس یکم اگست 2021ء تک اَلحمدُلِلّٰہ 3860 سے زائد مَساجِد و مدارس تعمیر کرچکی ہے جبکہ 1480 زیرِ تعمیر ہیں اور مزید 1640 پلاٹس تعمیرات کے پروسس میں ڈالنے کی تیاری ہے۔

## اسلامی بہنوں کے مختلف مدنی کاموں کی کارکردگی کی ایک جھلک

اسلامی بھائیوں کی طرح اَلحمدُلِلّٰہ اسلامی بہنوں میں بھی خوب دینی کام جاری ہیں۔ ”عالمی مجلسِ مشاورت“ کی طرف سے ملک و بیرونِ ملک کی جون 2021ء کی کارکردگی کی ایک جھلک ملاحظہ فرمائیے:

1. گھر درس تقریباً 97 ہزار 468
2. روزانہ لگنے والے مدرسۃُ المدینہ بالغات کی تعداد تقریباً 8 ہزار 756 اور پڑھنے والیوں کی تعداد تقریباً 74 ہزار 335 ہے۔
3. ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماعات کی تعداد تقریباً 12 ہزار 306 ان میں شریک ہونے والیاں تقریباً 3 لاکھ 20 ہزار 216 ہیں۔
4. روزانہ امیرِ اہلِ سنّت حضرت علّامہ محمد الیاس قادری صاحب کا بیان یا مدنی مذاکرہ سننے والی اسلامی بہنوں کی تعداد تقریباً 1 لاکھ 13 ہزار 708 ہے۔

# اللہ کی نعمت ہے یہ دعوتِ اسلامی

از: شیخِ طریقت، امیرِ اہلِ سنّت حضرت علّامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی دامت برکاتہم العالیہ

اللہ کی نعمت ہے، یہ دعوتِ اسلامی ۔۔۔ آقا کی عِنایت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
رَحمٰن کی رَحمت ہے، یہ دعوتِ اسلامی ۔۔۔ شیطاں کی ہَلاکت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
اسلام کی زینت[1] ہے، یہ دعوتِ اسلامی ۔۔۔ اور دین کی عزّت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
اسلام کی قوّت ہے، یہ دعوتِ اسلامی ۔۔۔ اور دین کی شوکت[2] ہے، یہ دعوتِ اسلامی
اسلام کی دعوت ہے، یہ دعوتِ اسلامی ۔۔۔ اور داعیِ[3] سنّت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
سب نبیوں کی، ولیوں کی، اَصحاب کی، اہلِ بیت ۔۔۔ کی خاص عنایت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
فیضانِ رضا ہے اور، یہ غوث کا فیضاں ہے ۔۔۔ خواجہ کی حِمایت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
عُشّاقِ محمد کی ٹھنڈک ہے یہ آنکھوں کی ۔۔۔ ہر دل میں سَرایَت[4] ہے، یہ دعوتِ اسلامی
موجودہ سیاست سے ہے اس کو عَلاقہ[5] کیا! ۔۔۔ بس نیکی کی دعوت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
اللہ کے ڈر میں اور اُلفت میں محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) کی ۔۔۔ کرواتی زِیادَت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
دیدارِ محمد (صلی اللہ علیہ والہ وسلم) کی حسرت میں تمنّا میں ۔۔۔ کرواتی زِیادَت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
سرکار کے روضے کے دیدار کی حسرت میں ۔۔۔ کرواتی زِیادَت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
آپس کی محبّت کے یہ جام پلاتی ہے ۔۔۔ اور دافِعِ[6] نفرت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
مَلحُوظ[7] شریعت ہے، تو پاسِ طریقت ہے ۔۔۔ سر تا پا سعادت[8] ہے، یہ دعوتِ اسلامی
اسلام کی تعلیمات اور دین کے احکامات ۔۔۔ سِکھلاتی شریعت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
قُراں کی تلاوت ہے، نعتوں کی حَلاوت[9] ہے ۔۔۔ اَذکار کی لذّت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
آ جاؤ گنہگارو! بدکارو! سیہ کارو! ۔۔۔ بے شک رہِ جنّت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
سرکار کی دُکھیاری اُمّت کی ہے خیراَندیش[10] ۔۔۔ اور خادمِ مِلّت ہے، یہ دعوتِ اسلامی
اللہ کی رَحمت سے دُنیا میں بھی عُقبیٰ[11] میں ۔۔۔ عطّار کی راحت ہے، یہ دعوتِ اسلامی

۱: خوب صورتی ۲: شان ۳: جو دعوت دے ٤: سما جانا ۵: تعلق ٦: دور کرنے والا ۷: لحاظ کیا گیا ۸: خوش نصیبی ۹: مٹھاس، لذّت ۱۰: بھلائی چاہنے والا ۱۱: آخرت

دینِ اسلام کی خدمت میں آپ بھی دعوتِ اسلامی کا ساتھ دیجئے اور اپنی زکوٰۃ، صدقاتِ واجبہ و نافلہ اور دیگر عطیات (Donation) کے ذریعے مالی تعاون کیجئے! آپ کا چندہ کسی بھی جائز دینی، اِصلاحی، فلاحی، روحانی، خیر خواہی اور بھلائی کے کاموں میں خرچ کیا جاسکتا ہے۔

بینک کا نام: MCB اکاؤنٹ ٹائٹل: DAWAT-E-ISLAMI TRUST بینک برانچ: MCB AL-HILAL SOCIETY، برانچ کوڈ: 0037

اکاؤنٹ نمبر: (صدقاتِ نافلہ) 0859491901004196 اکاؤنٹ نمبر: (صدقاتِ واجبہ اور زکوٰۃ) 0859491901004197

ISBN 978-969-631-974-0
0125764

فیضانِ مدینہ، محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)
UAN: +92 21 111 25 26 92 Ext: 2650 / 1144
Web: www.maktabatulmadinah.com / www.dawateislami.net
Email: feedback@maktabatulmadinah.com / ilmia@dawateislami.net